**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**Bill**

*further to amend the Export Development Fund Act, 1999*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Export Development Fund Act, 1999 (VI of 1999) to make certain modifications for the proper functioning of the Fund:

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.** - (1) This Bill may be called the Export Development Fund (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of Section 5, Act No. VI of 1999.-** In the Export Development Fund Act, 1999 (VI of 1999), hereinafter referred as the said Act, in section 5.-

(i) In sub-section (1).-

(a) in paragraph (1), the expression, "ex-officio" shall be omitted.

(b) paragraph (4), shall be substituted with the following, namely:-

"(4) Two members of National Assembly, one from the treasury and one from the opposition, to be nominated by the Speaker National Assembly."

(c) paragraph (10), shall be substituted with the following, namely:-

"(10) One member each to be appointed by the Federal Government, from the following private sectors, namely:-

| | |
|---|---|
| (a). Textile | Member |
| (b). Information Technology | Member |
| (c). Agriculture | Member |
| (d). Surgical | Member |
| (e). Metal | Member |
| (f). Rice, and | Member |
| (g). sports | Member " |

(ii) In subsection (2), after the words "may appoint", the words "maximum two" shall be inserted.

**3. Amendment of Section 8, Act No. VI of 1999.-** In the said Act, in section 8, in sub-section (5), for the full stop at the end a colon (;) shall be substituted and thereafter the following proviso shall be added, namely:

> "Provided that the ex-officio members attending the meeting shall not have right to vote."

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2025 seeks to amend the Export Development Fund Act, 1999 (Act No. VI of 1999) to enhance the functioning and governance of the Fund. The amendments aim to streamline the membership structure by omitting the term "ex-officio" and ensuring that two members from the National Assembly, one from the Treasury and one from the Opposition, are nominated by the Speaker of the National Assembly. Additionally, the Bill introduces a limitation on appointments by specifying a maximum of two individuals in subsection (2) and clarifies voting rights by stating that ex-officio members shall not have the right to vote at meetings. These changes are intended to improve transparency, efficiency, and representation in the decision-making process of the Fund.

**SD/-**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF**

Members, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## فروغ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ فنڈ کے امور مناسب طور پر سرانجام دینے کی بابت بعض تبدیلیاں کرنے کے لیے فروغِ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء (نمبر ۶ بابت ۱۹۹۹ء) میں مزید ترمیم کی جائے:۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) یہ بل فروغِ برآمدات فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۰۶ بابت ۱۹۹۹ء کی دفعہ ۵ کی ترمیم:** فروغِ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء (نمبر ۰۶ بابت ۱۹۹۹ء) جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں دفعہ ۰۵ میں:۔

(i) ذیلی دفعہ (۱) میں:۔

(الف) پیرا (۱) میں، عبارت ''بلحاظ عہدہ'' حذف کر دی جائے گی۔

(ب) پیرا (۴) کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۴) قومی اسمبلی کے دو اراکین، ایک حزب اقتدار سے اور ایک حزب اختلاف سے، جن کی نامزدگی اسپیکر قومی اسمبلی کرے گا۔''

(ج) پیرا (۱۰) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱۰) وفاقی حکومت درج ذیل نجی شعبوں سے ایک ایک رُکن مقرر کرے گی، یعنی:۔

| | |
|---|---|
| (الف) ٹیکسٹائل | رُکن |
| (ب) انفارمیشن ٹیکنالوجی | رُکن |
| (ج) زراعت | رُکن |
| (د) سرجیکل | رُکن |
| (ہ) دھات | رُکن |
| (و) چاول، اور | رُکن |
| (ز) کھیل | رُکن'' |

(ii) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ ''تقرر کر سکتی ہے'' کے بعد الفاظ ''زیادہ سے زیادہ دو'' شامل کر دیے جائیں گے۔

(iii) **دفعہ ۸/ایکٹ نمبر ۶ بابت ۱۹۹۹ کی ترمیم:** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں، ذیلی دفعہ (۵) میں آخر پر آنے والے وقف کامل کو وقف توضیحی سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کر دیا جائے گا، یعنی:
''مگر شرط یہ ہے کہ اجلاس میں شرکت کرنے والے اراکین بلحاظ عہدہ کو ووٹ کا حق حاصل نہیں ہوگا۔''

## بیان اغراض ووجوہ

فروغ برآمدات فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کا مقصد فروغِ برآمدات فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء (ایکٹ نمبر ۶ بابت ۱۹۹۹ء) میں ترمیم کرنا ہے تاکہ فنڈ کی کارکردگی اور نظم ونسق کو بہتر بنایا جاسکے۔ ترامیم کا مقصد "رکن بلحاظ عہدہ" کی اصطلاح کو ختم کرتے ہوئے رکنیت کے ڈھانچے کو موزوں بنانا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ قومی اسمبلی کے دو اراکین، ایک حکومت اور ایک اپوزیشن سے، کو قومی اسمبلی کے اسپیکر کی جانب سے نامزد کیا جائے۔ مزید برآں، بل ہذا ذیلی دفعہ (۲) میں زیادہ سے زیادہ دو افراد کی وضاحت کرتے ہوئے تقرریوں پر ایک حد متعارف کراتا ہے اور یہ کہہ کر ووٹنگ کے حقوق کو واضح کرتا ہے کہ اراکین بلحاظ عہدہ کو اجلاسوں میں ووٹ دینے کا حق نہیں ہوگا۔ ان ترامیم کا مقصد فنڈ کے فیصلہ سازی کے عمل میں شفافیت، کارکردگی اور نمائندگی کو بہتر بنانا ہے۔

**دستخط/-**

**جناب محمد مبین عارف**

اراکین، قومی اسمبلی